22ND January 2015

# PRINT MEDIA COVERAGE

# MUHAMMAD BILAL AZMI, DEPUTY DIRECTOR, QUALITY ENHANCEMENT CELL, DOW UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES, COMPLETED HIS DOCTORATE DEGREE FROM UNIVERSITY OF KARACHI

www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
THE DAILY JANG KARACHI
روزنامہ جنگ کراچی
بانی ... میر خلیل الرحمٰن
جلد 79 — جمعرات یکم ربیع الثانی 1436ھ 22 جنوری 2015ء — نمبر 21

# جامعہ کراچی 19 طلبہ کو پی ایچ ڈی اور 2 کو ایم فل کی اسناد دینے کی منظوری

## تدریس وتحقیق میں سائنسدانوں کو قومی ترجیحات پیش نظر رکھنا چاہیے، بورڈ آف ایڈوانس اسٹڈیز سے ڈاکٹر محمد قیصر کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد قیصر نے کہا کہ تدریس وتحقیق میں ہمارے سائنسدانوں کو قومی ترجیحات کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔ عصر جدید میں مغربی ممالک کے سائنسدان ہر شعبہ زندگی میں قابل تحسین خدمات انجام دے رہے ہیں، سب جانتے ہیں کہ اس مسابقت کے باعث دنیا گلوبل ویلج بن کر رہ گئی ہے ہمارے طلبہ وطالبات نہایت ذہین اور مشکل حالات اور کم وسائل کے باوجود تحقیق میں بڑی دلجمعی کے ساتھ مصروف رہتے ہیں جس کی مثال یہ ہے کہ ہمارے فارغ التحصیل طلبہ دنیا کے مختلف اداروں بشمول جامعات میں اعلیٰ منصب پر فائز ہیں۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے باشعور طلبہ ہمارا قومی سرمایہ ہیں۔ ہمارے ریسرچ اسکالرز کو اپنی تحقیق سے ملک کی خدمت کو اپنا شعار بنانا چاہیے، یہ بات انہوں نے بورڈ آف ایڈوانس اسٹڈیز اینڈ ریسرچ کے گذشتہ روز منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں جامعہ کراچی کی جانب سے 19 طلبا وطالبات کو پی ایچ ڈی جبکہ 02 طلبہ کو ایم فل کی ڈگریاں تفویض کردی گئی ہے۔ پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے والے طلبہ میں محمد بلال اعظمی (بائیوکیمسٹری)، مقبول حسن (اُصول الدین)، انوراللہ (اسلامک لرننگ)، محمد فیاض احمد (ایگریکلچر)، عبدالجبار خان (ابلاغ عامہ)، شبانہ سعید (بائیوکیمسٹری)، سید ذیشان عباس (فزکس)، سید نذیر عالم (اسپاISPA)، حسن علی (اسلامک لرننگ)، محمد سلیم (کیمسٹری (HEJ))، صباء فاروق (مالیکولر میڈیسن)، عدنان خان (جیولوجی)، شفقت حسین (کیمسٹری (HEJ)) عنبرینہ انصاری (اُردو)، محمد ارشد (سوشل ورک)، امینہ (سندھی) عامر علی شاہ (سندھی) یعقوب (عمرانیات)، ہماء محمد علی (نفسیات)، جبکہ ایم فل کی ڈگریاں حاصل کرنے والے طلبہ میں لبنیٰ حسن (انگریزی) اور محمد نثار (فزیالوجی) شامہ ہیں۔

22nd Jan, 2015

Dow University of Health Sciences
QEC
qec@duhs.edu.pk
Baba-e-Urdu Road, Karachi-74200 Pakistan.

**18$^{TH}$ DECEMBER 2014**

**PRINT MEDIA COVERAGE**

**QUALITY ENHANCEMENT CELL OF DOW UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES, SECURED 91% FOR THE PERIOD OF 2013-14 FROM HIGHER EDUCATION COMMISSION, PAKISTAN.**

December 18th, 2014

روزنامہ
# جہان پاکستان
کراچی

جلد 3 | کراچی، لاہور اور اسلام آباد سے بیک وقت اشاعت | جمعرات 25 صفر المظفر 1436ھ 18 دسمبر 2014 | باقاعدہ تصدیق شدہ

## ڈاؤ کوالٹی انہاسمنٹ سیل کا 91 فیصد اسکور اعزاز ہے، مسعود حمید

### ایچ ای سی کی جانب سے کوالٹی انہاسمنٹ سیل کی درجہ بندی موصول ہونے پر تقریب سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے وائس چانسلر پروفیسر مسعود حمید خان نے ایچ ای سی کی جانب سے کوالٹی انہاسمنٹ سیل ڈاؤ یونیورسٹی کی امتیازی رینکنگ کو دیگر شعبہ جات کے لیے مشعلِ راہ قرار دیدیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایچ ای سی کی جانب سے کوالٹی انہاسمنٹ سیل کی درجہ بندی موصول ہونے پر اپنے خطاب میں کیا جو ماضی کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اس سال بہترین اور نمایاں رہی۔ ایچ ای سی کے وضع کردہ موجودہ تناسب نے ڈاؤ کوالٹی انہاسمنٹ سیل نے 91 فیصد سے زائد اسکور حاصل کیا جو ڈاؤ یونیورسٹی کے لیے منفرد اعزاز ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے فکلٹی وسنڈیکیٹ اراکین کی جانب سے ڈائریکٹر کوالٹی انہاسمنٹ سیل ڈاؤ یونیورسٹی پروفیسر رعنا قمر مسعود، ڈپٹی ڈائریکٹر محمد بلال اعظمی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر شہلہ ناز اور دیگر عملے کو ان کی انتھک محنت پر مبارکباد دی اور موجودہ کارگردگی کو مستقبل میں برقرار رکھنے کی تلقین کی۔


Dow University of Health Sciences
QEC
qec@duhs.edu.pk
Baba-e-Urdu Road, Karachi-74200 Pakistan.

**12TH NOVEMBER 2014**

**PRINT MEDIA COVERAGE**

**DIRECTOR, QUALITY ENHANCEMENT CELL OF DOW UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES, ADDRESSED THE 5 DAY WORKSHOP ON INDIGENOUS ON-CAMPUS TRAINING PROGRAM IN COLLABORATION WITH HEC.**

# Series of Workshops on Good Governance held at Dow University



Dow University of Health Sciences (DUHS) in collaboration with Higher Education Commission (HEC) hold series of Workshops on Good Governance as a part of HEC Indigenous On-Campus Training Workshops aiming to increase the capacity building and improvement of expertise of the faculty members and non-teaching staff of the Universities.

The Workshop was held at Professional Development Center, Dow Medical College. There were total 5 such Workshops, each comprising of one week. The Workshop was based on various training modules including Good Governance, Presentation Skills, IT Equipment Management Skills, Quality Assurance, Intra-departmental Communication, Stress Management, Communication Skills, Administration Skills, and Writing Skills along with Professional Ethics and Effective Public Dealing.

The Inaugural Ceremony of the Workshop was held at Professional Development Center, DUHS. Dr. Rana Qamar Masood, Director, Quality Enhancement Cell & Chief Organizer of the Workshop in her welcome address mentioned about the importance of the Workshop from different aspects. She informed that HEC has introduced these workshops in order to have good governance in academic institutions of the country.

Prof. Masood Hameed Khan, Vice Chancellor, DUHS acknowledged the efforts of HEC in organizing such workshop for developing good governance in different institutions. He said that keeping in view the responsibilities of the institution, Dow University has been stressing on human resource development and capacity building of faculty members by organizing such types of workshops.

Later on, session of the Workshop was held in which facilitator gave a brief presentation training modules. The participants of the workshop were also engaged in an interactive group discussions and various activities throughout the week.



November 12th, 2014

www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
THE DAILY JANG KARACHI
روزنامہ جنگ کراچی
بانی ... میر خلیل الرحمن
جلد 78 | بدھ 18 محرم الحرام 1436ھ 12 نومبر 2014ء | نمبر 310

Dow University of Health Sciences
QEC
Baba-e-Urdu Road, Karachi- 74200 Pakistan.
qec@duhs.edu.pk

# اپنے فرائض منصبی نہایت دیانتداری اوردلجمعی سے ادا کریں، پروفیسر مسعود حمید

## ڈاؤ یونیورسٹی کے تدریسی اور غیر تدریسی ملازمین کیلئے پانچ روزہ تربیتی ورکشاپ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے باہمی تعاون سے یونیورسٹی کے تدریسی اور غیر تدریسی اراکین کیلئے پانچ روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد یونیورسٹی میں قائم پروفیشنل ڈیویلپمنٹ سینٹر میں ہوا جس میں یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے سربراہان اور انتظامی عملے نے شرکت کی۔ اس ورکشاپ کا مقصد تدریسی اور غیر تدریسی اراکین کو بہتر طریقے سے انتظامی امور چلانے اور انکی پیشہ ورانہ قابلیت اور صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ ڈاؤ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر مسعود حمید خان نے ورکشاپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران اس کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ تمام جملہ اراکین اپنے اپنے شعبہ جات میں کارگردی کا مظاہرہ کریں اور اپنے اپنے فرائض منصبی نہایت دیانت داری اور دلجمعی سے ادا کریں۔ اس قسم کی تربیتی ورکشاپ ان کی علم اور پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے کا باعث بنتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈاؤ یونیورسٹی نے آغاز ہی سے اپنے عزم کے تحت انسانی وسائل کی ترقی اور فیکلٹی اراکین کی صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے مختلف پروگراموں کے انعقاد پر زور دیا ہے۔ انہوں نے ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کی تعلیمی اداروں اور جامعات کے فیکلٹی اراکین کی صلاحیت کو بڑھانے کیلئے مختلف پروگرام کے انعقاد پر ان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اسے خوش آئند اقدام قرار دیا۔ یونیورسٹی کے کوالٹی انہانسمنٹ سیل کی ڈائریکٹر اور ورکشاپ کی سربراہ پروفیسر ڈاکٹر رعنا قمر مسعود حمید نے اپنے خطاب کے دوران ورکشاپ کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اور کہا کہ اس تربیتی ورکشاپ کا مقصد یونیورسٹی کے تدریسی اور غیر تدریسی اراکین کی پیشہ ورانہ قابلیت اور معیار کارگردگی کو مزید تقویت دینا ہے۔ اس تربیتی ورکشاپ میں لیڈرشپ، ٹیم مینجمنٹ، ٹیم ورک، گڈ گورننس، فائل ورک اور دیگر تمام اہم موضوعات کا احاطہ کیا جائیگا تا کہ یونیورسٹی کا تدریسی اور غیر تدریسی عملہ اپنے کام کو بخوبی سرانجام دے سکیں اور زیادہ پیشہ ور کے طور پر خود کو پیش کر سکیں۔ بعدازاں، ڈاکٹر ایس اے رب نے اپنی خطاب میں انتظامی امور چلانے اور پیشہ ورانہ قابلیت اور صلاحیتوں کو بڑھانے پر لیکچر دیا۔

**DATED: 18$^{TH}$ SEPTEMBER 2014**

**DIRECTOR QEC & DEPUTY DIRECTOR QEC OF DUHS ATTENDED THE QEC WORKSHOP AT KARACHI UNIVERSITY.**

**"WORKHOP ON SELF-ASSESSMENT REPORT FOR HEC (16$^{th}$ September 2014 to 17$^{th}$ September 2014)".**

**Prof. Dr. Rana Qamar as speaker of this workshop; focused the importance of Criteria 3 of SAR.**

September 18th, 2014

www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ کا مایہ
THE DAILY JANG KARACHI
روزنامہ جنگ کراچی
بانی ۔۔۔ میر خلیل الرحمٰن
جلد 78 | جمعرات 22 ذیقعدہ 1435ھ 18 ستمبر 2014ء | نمبر 258

# تعلیم کے فروغ میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کی شعبہ جاتی سیلف اسسمنٹ رپورٹ نمایاں کردار ادا کرسکتی ہے

## ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی کوالٹی انہانسمنٹ سیل کی کارکردگی ہائر ایجوکیشن کمیشن میں سرفہرست ہے پروفیسر رعنا قمر مسعود

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی کوالٹی انہانسمنٹ سیل کی ڈائریکٹر پروفیسر رعنا قمر مسعود نے جامعہ کراچی میں جاری دوروزہ تربیتی ورکشاپ میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے وضع کردہ سیلف اسسمنٹ رپورٹ کے مطابق مختلف شعبوں کی کارکردگی کے طریقۂ کار پر روشنی ڈالتے ہوئے اُن اُصولوں کے بارے میں بتایا جس کی بناء پر ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی کوالٹی انہانسمنٹ سیل کی کارکردگی ہائر ایجوکیشن کمیشن میں سرفہرست ہے اور ڈاؤ یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات انہی بنیادی اصولوں پر آئی ایس او سرٹیفائیڈ ہوئے۔ اس رپورٹ کی تشکیل سے متعلق جامعہ کراچی میں جاری تربیتی ورکشاپ میں ڈاؤ یونیورسٹی کی کوالٹی انہانسمنٹ سیل کی ڈائریکٹر پروفیسر رعنا قمر، ڈپٹی ڈائریکٹر محمد بلال اعظمی سمیت جامعہ کراچی کے مختلف شعبہ جات کے پروفیسرز اور دیگر اساتذہ کرام نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں پروفیسر رعنا قمر نے اس بات پر زور دیا کہ اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کی شعبہ جاتی سیلف اسسمنٹ رپورٹ ہی نمایاں کردار ادا کرسکتی ہے۔ مختلف شعبہ جات کے تعلیمی معیار میں بہتری صرف اسی طور ممکن ہے جب اساتذہ کوالٹی کے بنیادی اصولوں کو اپنائیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس ضمن میں سیلف اسسمنٹ رپورٹ جو ہائر ایجوکیشن کمیشن کے وضع کردہ معیار کے مطابق ہے اسکا تعلیمی شعبہ جات میں ممکن ہونا ہی کوالٹی انہانسمنٹ کی ضمانت ہوتی ہے۔ پروفیسر رعنا قمر نے اپنے خطاب میں اس بات کو واضح کیا کہ تعلیم کا اعلیٰ معیار بہترین لیبارٹری اور کمپیوٹر کی جدید سہولیات پر منحصر ہوتا ہے۔ سیلف اسسمنٹ رپورٹ کی تشکیل ایک ٹیم ورک کا نتیجہ ہوتی ہے اور معیارِ تعلیم کو بہتر بنانے کے لئے اساتذہ اپنے ضمیر اور صلاحیتوں کے مطابق تعلیم دیں اور جدید سہولیات کے فقدان کو اس ضمن میں بہانہ نہیں بنائیں۔ بعدازاں ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ سیل، جامعہ کراچی پروفیسر ساجدین نے ان کا شکریہ کیا۔

Dow University of Health Sciences
QEC
qec@duhs.edu.pk
Baba-e-Urdu Road, Karachi- 74200 Pakistan.

# Workshop on Assessment of Quality in Higher Education by QEC, DUHS

Quality Enhancement Cell (QEC), Dow University of Health Sciences (DUHS) held Workshop on Assessment of Quality in Higher Education in different institution and universities of Karachi University.

Prof. Dr. Rana Qamar Masood, Director Quality Enhancement Cell (QEC), Dow University of Health Sciences (DUHS) was the facilitator of the Workshop.
During her address, she highlighted the importance of HEC prescribed Self-Assessment Report (SAR). She informed that departmental significance of SAR, through which the QEC of DUHS stands in top position of HEC ranking as well as its all departments have been ISO certified.

She emphasized on the effectiveness of SAR which serves as a key tool to enhance the Quality in Education. She briefed the participants that thewell-equipped laboratories and latest computing facilities are one of the key parameter to achieve quality standards.

In the end, Prof. Sajidein, Director QEC, KU thanked Prof. Rana Qamar for giving such an informative presentation on quality education.

It was also attended by Senior Professors and Teachers.



# Surveillance Quality Audit 2014 at Dow University



Dow University of Health Sciences has been working on the implementation of Quality Management System (QMS) ISO 9001-2008 for the past few years and in 2013 Dow University of Health Sciences was successfully declared ISO Certified by International Audit Organization 'Vincotte of Brussels'.

The audit team of Vincotte International revisited Dow University of Health Sciences for the Surveillance Audit to verify implementation status of the Quality Management System and its conformance with latest available ISO 9001-2008 standard procedure.

In consultation with Quality Enhancement Cell, DUHS officials, the International Auditors of Vincotte International Brussels visited all the ISO 9001-2008 certified academic and support departments of DUHS. In the inaugural session, the Quality Management Representative (QMR) and Director QEC, Prof. Rana Qamar Masood presented a comprehensive report to the auditors regarding the implementation of the process in DUHS. During the audit, they evaluated the processes and procedures in relation with ISO 9001-2008, Quality Management System (QMS) at DUHS.

The Quality Enhancement Cell of Dow University played a vital role in the week long Surveillance Quality Audit 2014in leading, coordinating and monitoring the entire activity right from documentation to the physical implementation in all the departments & institutes under the scope.

Afterwards the Quality Management Representative (QMR) and Director QEC, Prof. Rana Qamar Masood presented a report of Surveillance Quality Audit 2014to the Vice Chancellor DUHS, Prof. Dr. Masood Hameed Khan.

In the end, Auditors of Vincotte International Brussels appreciated the efforts of the QEC- DUHS for the successful completion of Surveillance Quality Audit 2014at DUHS.